Reg. No. ...................................

Name : ...................................

**FY-413**

# FIRST YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH 2023

Part–II

## URDU

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

Maximum : 80 Scores

*General Instructions to Candidates :*

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 7 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : (7 × 1 = 7)

1. نظم 'آدمی نامہ' کے لیے کوئی دوسرا عنوان لکھیے۔

2. چار مصرعے والی نظم کو کیا کہتے ہیں ؟

3. اے۔پی۔جے۔ عبدالکلام نے ہندوستان کے لیے تین نظریے پیش کیے ہیں۔ کوئی ایک نظریہ لکھیے۔

4. نظم 'تاج محل' کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

5. اردو ادب میں عوامی شاعر کے نام سے کون مشہور ہیں ؟

6. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

7. اردو کے کسی ایک افسانہ نگار کا نام لکھیے۔

8. فلمی دنیا سے تعلق رکھنے والے کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھیے۔

9 سے 13 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم دو جملوں میں لکھیے : (4 × 2 = 8)

9. اردو کے مشہور دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔

10. رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

11. اسم عام اور اسمِ خاص الگ کر کے لکھیے :
[کتاب، تاج محل، جانور، گاندھی جی]

12. آپ نے اردو کی کئی نظمیں پڑھی ہوں گی۔ پسندیدہ کوئی ایک شعر لکھیے۔

13. گاندھی جی کے ساتھ یرواده جیل میں اور کون کون تھے؟

14 سے 19 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم از کم چار جملوں میں لکھیے : (5 × 4 = 20)

14. نظم شکایت کے ذریعے شاعر ہمیں کیا کہنا چاہتا ہے؟ مختصر طور پر لکھیے۔

15. فرض کیجیے کہ آپ کے گاؤں میں مشہور غزل گلوکار غلام علی آ رہے ہیں۔ ان سے انٹرویو لینے کے لیے چند سوالات تیار کیجیے۔ (کم سے کم چار)

16. بابائے قوم گاندھی جی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

17. ذیل کے شعر کا مفہوم لکھیے :

ایک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر
ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق

18. مولانا ابوالکلام آزاد کے بارے میں مختصر طور پر لکھیے۔

19. آج کل سڑک حادثات بڑھتے جا رہے ہیں۔ اس کو کم کرنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں ؟ چند تجاویز لکھیے۔

20 سے 24 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم از کم چھ جملوں میں لکھیے : **(4 × 6 = 24)**

20. افسانہ 'ٹوبہ ٹیک سنگھ' میں آپ کے پسندیدہ کردار کون ہے؟ اس کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

21. سماج میں بھیک مانگنے والوں کی تعداد دن بہ دن بڑھ رہی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں ؟ چند نکات لکھیے۔

22. موجودہ حالات کے مدِنظر ذیل کے شعر کا مفہوم لکھیے :

شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی و رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

23. امتحان میں اچھے مارک ملنے پر مبارک باد دیتے ہوئے اپنے دوست کے نام خط لکھیے۔

24. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے
کچھ روز میں ایک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور، تیرا ہر کام
کچھ دیر میں ہوتا ہے، مگر ہوتا ہے

25 سے 28 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم از کم سات جملوں میں لکھیے : (3 × 7 = 21)

25. 'اردو ایک میٹھی زبان ہے'۔ اردو کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

26. 'میرے خواب کا ہندوستان' کے موضوع پر ایک سیمینار ہونے والا ہے۔ اس کے لیے چند نکات تیار کیجیے۔

27. آپ کی زندگی میں بہت سارے ایسے واقعات ہوئے ہوں گے، جو آپ کبھی نہیں بھول سکتے۔ ایسا کوئی ایک واقعہ لکھیے۔

28. 'غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'۔ غزل کے بارے میں ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔